★ ★ ★ ★ ★

مقام اہل بیت

رضی اللہ تعالیٰ عنہم

★

از قلم

شیخ الحدیث والتفسیر مناظرِ اسلام حضرت علامہ الحاج

محمد منظور احمد فیضی غفر لہٗ وعفی عنہ

مدرسہ جامعہ فیضیہ کچہری روڈ احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۰ نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

احادیث

سیدنا محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم

۱۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا "اپنی اولاد کو تین چیزیں سکھاؤ۔ ۱۔ میری محبت ۲۔ میرے اہلبیت کی محبت ۳۔ تلاوت قرآن۔ (جامع صغیر للسیوطی ج۱ صفحہ ۱۴۱، رواہ الشیرازی والدیلمی وابن النجار عن علی۔)

۲۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا "میرے اہلبیت کشتیِ نوح کیطرح ہیں جو سوار ہوا نجات پاگیا جو پیچھے رہا ہلاک ہوا۔" (رواہ الحاکم عن ابی ذر والبزار عن ابن عباس وعن ابن الزبیر۔ الصواعق المحرقہ لامام ابن حجر مکی صفحہ ۱۴۸)

۳۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا "میرے اہلبیت سے محبت کرو میری محبت کیوجہ سے"۔ ترمذی، حاکم عن ابن عباس، صواعق المحرقہ صفحہ ۱۸۵۔

۴۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا "میرے اہلبیت میری امت کیلئے امان ہیں"۔ (ابو یعلی عن سلمۃ، صواعق صفحہ ۱۸۵)

۵۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا "پل (صراط) پہ زیادہ ثابت قدم وہ ہو گا جس کو میرے اہلبیت اور صحابہ سے زیادہ محبت ہو گی"، (ابن عدی، دیلمی، عن علی صواعق ص ۱۸۵)

۶۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا "میرے اہلبیت سے جو جنگ کرے گا میری اُس سے جنگ ہے اور جو اُن سے صلح کریگا میری اُس سے صلح ہے"، (ترمذی، ابن ماجہ، ابن حبان، حاکم۔ صواعق صفحہ ۱۸۵)

۷ - حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا " جو شخص میرے اہلبیت کے افراد سے کسی فرد سے بغض رکھے گا وہ میری شفاعت سے محروم ہے " ۔ صواعق صفحہ ۲۳۷

۸ - حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا " میرے اہلبیت سے بغض رکھنے والا بدبخت منافق ہے " ۔ صواعق صفحہ ۲۳۷ -

۹ - حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا " جو شخص آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے بغض کے ساتھ مرے گا قیامت کے دن اُسکے آنکھوں کے درمیان لکھا ہوگا " یہ اللہ کی رحمت سے محروم ہے " ۔ صواعق صفحہ ۲۳۷ -

۱۰ - حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا " مجھے اُس ذات کی قسم جسکے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے ، جو میرے اہلبیت سے بغض رکھے گا ، اللہ اسے دوزخ میں جلائے گا " صواعق صفحہ ۲۳۷ -

۱۱ - حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا " فاطمہ بہشتی عورتوں کی سردار (ملکہ) ہے " بخاری شریف جلد ۱ صفحہ ۵۳۲ -

۱۲ - حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا " میری بیٹی فاطمہ میرے گوشت کا حصّہ ہے جس نے اسے ناراض کیا اُس نے مجھے ناراض کیا " بخاری شریف جلد ۱ صفحہ ۵۳۲ -

۱۳ - حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا " میری افضل ترین بیٹی جسکو میری وجہ سے مصیبت میں ڈالا گیا ، وہ زینب ہے " طحاوی ، حاکم سند جید عن عائشہ - زرقانی علی المواہب ۱۹۵ ۵۴۳

۱۴ - حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا " اے میری بیوی عائشہ یہ جبریل ہے ، تم پہ سلام پڑھ رہا ہے " ۔ بخاری شریف جلد ۱ صفحہ ۵۳۲ -

۱۵ - حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا " میری زوجہ عائشہ کی فضیلت تمام عورتوں پہ اسطرح ہے ، جسطرح ثرید (شوربے میں روٹی ترکی ہوئی) طعام کی فضیلت تمام طعاموں پہ ہے " ۔ بخاری شریف جلد ۱ صفحہ ۵۳۲ -

۱۶۔ عائشہ مجھے سب عورتوں سے زیادہ پیاری ہے۔ کنز العمال جلد ۱۳ صفحہ ۱۱۷۔

۱۷۔ عائشہ جنت میں بھی میری بیوی ہے۔ ابن سعد، بخاری ج۱۲ ص۵۳۲ عن عمار، کنز العمال ج۱۳ ص۱۱۷۔

۱۸۔ خدیجہ تمام عورتوں سے پہلے اللہ تعالیٰ اور محمد صلے اللہ علیہ وسلم پہ ایمان لانے والی ہے۔ حاکم کنز العمال جلد ۱۳ صفحہ ۱۱۴۔

۱۹۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا "اے خدیجہ جبریل تم پہ رب کیطرف سے سلام پیش کر رہے ہیں اور اللہ کیطرف سے تمھیں خوشخبری ہے کہ تمہارا محل بہشت میں موتیوں سے جڑا ہوا ہے جسمیں نہ شور ہے نہ تھکان" مسلم، کنز العمال ج۱۳ ص۱۱۵۔

۲۰۔ بی بی ام سلمہ نے حضور کو روتے دیکھا اور حضور کے سر داڑھی پہ غبار تھی، پوچھا کیوں؟ فرمایا "ابھی حسین شہید ہوا۔ ترمذی، صواعق صفحہ ۱۹۱۔

۲۱۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا "حسنین جوانانِ جنت کے سردار ہیں"۔ احمد، ترمذی عن ابی سعید، بخاری، ابو یعلی، ابن حبان، طبرانی، حاکم عن ابی سعید، طبرانی عن عمر و عن علی و عن جابر و عن ابی ہریرۃ و عن اسامۃ و عن البراء و ابن عدی عن ابن مسعود۔ صواعق ص۱۸۹۔

۲۲۔ آپ نے فرمایا "حسنین دنیا میں میرے پھول ہیں"۔ ترمذی عن ابن عمر۔ صواعق صفحہ ۱۸۹۔

۲۳۔ آپ نے فرمایا "حسنین میرے بیٹے ہیں اور میری بیٹی کے بیٹے ہیں اے اللہ میں ان سے محبت کرتا ہوں تو بھی ان سے محبت رکھ اور ان کے محب سے پیار رکھ"۔ ترمذی، ابن حبان عن اسامہ صواعق ص۱۸۹۔

۲۴۔ حضور نے فرمایا "حسن مجھ سے ہے اور حسین علی سے ہے"۔ ابو داؤد صواعق صفحہ ۱۸۹۔

۲۵۔ حضور نے فرمایا "میرا بیٹا حسن سید ہے، مسلمانوں کی دو بڑی جماعتوں میں صلح کرائے گا"۔ احمد، بخاری، ابو داؤد، ترمذی، نسائی عن ابی بکرۃ۔ صواعق صفحہ ۱۹۰۔

۲۶۔ حضور نے فرمایا "حسین مجھ سے ہے، میں حسین سے ہوں"۔ بخاری، ترمذی، ابن ماجہ عن یعلی۔ صواعق ص۱۹۰۔

۲۷۔ حضور نے فرمایا "جبریل نے مجھے خبر دی ہے کہ میرا بیٹا حسین میرے بعد زمینِ طف (کربلا) میں قتل کیا جائے گا اور وہاں اس کا مزار ہوگا، وہاں کی خاک بھی جبریل لایا"۔ ابن سعد، طبرانی عن عائشہ۔ صواعق ص۱۹۰۔

۲۸ - حضور نے فرمایا "حسن کو میری ہیبت اور سرداری ملی، حسین کو میری جرأت اور سخاوت ملی "۔ (طب عن فاطمہ۔ کنز العمال ج ۱۳ ص ۹۸ -)

۲۹ - آپ نے فرمایا "حسنین جوانان جنت کے سردار ہیں اور انکے والدان سے افضل ہیں "۔ ابن عساکر، ابن ماجہ، حاکم

۳۰ - حضور نے فرمایا "حسنین عرش کی تلواریں ہیں جو معلق نہیں "۔ طبرانی، صواعق ص ۱۹۰

۳۱ - حضور نے فرمایا "میرے اہلبیت سے مجھے زیادہ محبوب حسنین ہیں "۔ ترمذی عن انس صواعق ص ۱۹۰

۳۲ - حضور نے فرمایا "جو حسنین کا محب ہے وہ میرا محب ہے اور حسنین سے بغض رکھنے رکھنے والا مجھ سے بغض رکھنے والا ہے "۔ احمد، ابن ماجہ، حاکم عن ابی ہریرۃ صواعق ص ۱۹۰

۳۳ - حضور نے فرمایا "جبریل آئے، خبر دی کہ میری امت میرے بیٹے حسین کو قتل کرے گی، کربلا سے سرخ خاک بھی لائے "۔ ابو داؤد، حاکم عن ام الفضل صواعق ص ۱۹۰

۳۴ - اسیطرح ابن عباس نے دیکھا اور پوچھا کہ آپ کے ہاتھ میں یہ خون کا برتن کس کا ہے؟ فرمایا کہ حسین اور اسکے ساتھیوں کا خون ہے جو آج میں جمع کرتا رہا (کربلا میں)۔ صواعق صفحہ ۱۹۱ -

۳۵ - حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا "اے علی تو دنیا و آخرت میں میرا بھائی ہے "۔ ت، ک عن ابن عمر -

۳۶ - حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا "اے علی تو مجھ سے ہے اور میں تم سے ہوں " ق، ک

۳۷ - حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا "میں حکمت کا گھر ہوں، علی دروازہ ہے "۔ ت عن علی

۳۸ - حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا "اللہ نے مجھے حکم دیا کہ فاطمہ کا نکاح علی سے کروں "۔ طب عن ابن مسعود -

۳۹ - حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا "اللہ تعالیٰ اس کا دشمن ہے جو علی کا دشمن ہے " (ابن مندہ عن رافع مولیٰ عائشہؓ)

۴۰۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا "علی نیکوں کا امام ہے اور فاجروں کا قاتل ہے"۔ ک عن جابر۔

۴۱۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا "علی قرآن کے ساتھ ہے اور قرآن علی کے ساتھ ہے، یہ کبھی ایک دوسرے سے جدا نہ ہونگے، یہاں تک کہ دونوں میرے پاس حوض کوثر پر آئیں گے"۔ ک، طس عن ام سلمۃ۔

۴۲۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا "علی مجھ سے بمنزلہ سر کے ہے"۔ خط، فر۔

۴۳۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا "علی بہشت میں اسطرح چمکے گا جیسے صبح کا تارہ دنیا والوں پہ چمکتا ہے"۔ بیہقی، فر

۴۴۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا "علی مؤمنین پر رئیس اعظم ہے"۔ عد عن علی۔

۴۵۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا "علی میرے قرض ادا کریگا"۔ بزار عن انس

۴۶۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا "قرآن کی جتنی آیات ہیں یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ہے، علی اس کا راس اور امیر ہے"۔ حل

۴۷۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا "اے علی جس نے تم سے محبت کی وہ امن و ایمان میں لپیٹ لیا گیا اور جس نے تم سے بغض رکھا وہ کافروں کی موت مریگا"۔ طب

۴۸۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا "علی کا گوشت میرے گوشت سے ہے اور علی کا خون میرے خون سے ہے"۔ عق عن ابن عباس

۴۹۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا "میرے بعد علی ہر مؤمن کا ولی (محبوب، دوست، حامی و ناصر) ہے"۔ ط، الحسن، ابو نعیم، ش صحیح

۵۰۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا "میں اور علی ایک درخت سے ہیں"۔ دیلمی ک عن جابر

۵۱۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے مروی ہے "یا اللہ علی کے دشمن سے دشمنی کر، علی کے معاون اور مددگار کا مددگار رہو"۔ طب

۵۲- حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا" جو یہ چاہے کہ میری حیات و موت حضور جیسی ہو اور اعلیٰ بہشت میں رہوں، وہ علی سے پیار کرے"۔ طب، ک، ابونعیم

۵۳- حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا" میرے بعد فتنہ ہوگا، علی کو لازم پکڑنا، وہ حق و باطل میں فاروق ہے"۔ ابونعیم

۵۴- حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا" اے علی میرے وصال کے بعد تو مجھے غسل دیگا اور میرے قرض ادا کرے گا اور مجھے قبر میں لٹائے گا اور دنیا و آخرت میں میرے جھنڈے کو اٹھانے والا تو ہی ہے"۔ دیلمی

۵۵- حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا" علی سے پیار کرو، اسے ہدایت یافتہ اور ہدایت دینے والا پاؤ گے، تمھیں صراط مستقیم پر چلائے گا" (حل)

۵۶- حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا اے علی باغی گروہ تم سے جنگ کرے گا، تم حق پر ہوگے"۔ ابن عساکر عن عمار

۵۷- حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا" جس نے علی کی تابعداری کی اس نے میری تابعداری کی اور جس نے علی کی نافرمانی کی وہ میرا بے فرمان ہوا"۔ ک عن ابی ذر

۵۸- حضور نے فرمایا" جو علی سے جدا وہ نبی سے جدا، جو نبی سے جدا وہ خدا سے جدا"۔ طب عن ابن عمر

۵۹- حضور نے فرمایا" میرے بعد میری امت سے زیادہ علم والا علی ہے"۔ دیلمی عن سلمان

۶۰- حضور نے فرمایا" قیامت کے دن میرا قبہ سرخ یاقوت سے عرش کے دائیں ہوگا، حضرت ابراہیم کا قبہ سبز یاقوت سے عرش کے بائیں ہوگا، علی کا قبہ سفید یاقوت سے ہمارے درمیان ہوگا، حبیب (علی) دو خلیلوں کے درمیان ہوگا"۔ حق، ک

۶۱- حضور نے فرمایا" علی سب سے پہلے مجھ پر ایمان لائے اور قیامت میں پہلے پہلے مجھ سے مصافحہ علی کریں گے، یہ صدیق اکبر اور فاروق ہیں"۔ طب، حق، عد

۶۲- حضور نے فرمایا" اگر زمین و آسمان ایک پلے میں ہوں اور ایمانِ علی دوسرے پلے میں

تو ایمانِ علی کا وزن زیادہ ہوگا"۔ (دیلمی عن ابن عمر)

۶۳۔ حضور نے فرمایا "علی بوقت شہادت خون سے رنگین ہوگا، علی کا قاتل بدترین بدبخت ہوگا"۔ (قط)

۶۴۔ حضور نے فرمایا "سب کے دروازے بند کردو سوائے علی کے دروازہ کے (وہ میرے گھر اور مسجد کیطرف کھلا رہے) خم، ک، ص

۶۵۔ حضور نے فرمایا "میں اولاد آدم کا سردار ہوں، علی اہل عرب کے سردار ہیں"۔ ک عن عائشہ و قط

۶۶۔ حضور نے فرمایا (حضرت علی کو دیکھکر) مرحبا سید المسلمین وامام المتقین"۔ (حل)

۶۷۔ حضور نے فرمایا "اے علی اللہ، رسول، جبریل تجھ سے راضی ہیں"۔ (طب)

۶۸۔ حضور نے فرمایا "علی کی محبت گناہوں کو اسطرح کھا جاتی ہے جیسے آگ لکڑی کو" (تمام ابن عساکر)

۶۹۔ حضور نے فرمایا "میں اور علی (اتنے پاک ہیں) بحالت جنب مسجد میں رہ سکتے ہیں۔ (طب، کنز العمال جلد ۱۲ صفحہ ۲۲۱)۔ نمبر ۳۵ سے ۶۹ تک کنز العمال ج ۱۲ سے ماخوذ ہیں۔

۷۰۔ حضور نے فرمایا "جس نے مجھ سے اور حسنین سے اور انکے والدین سے محبت کی وہ قیامت کے دن میرے درجہ میں میرے ساتھ ہوگا"۔ رواہ احمد والترمذی عن علی۔ کنز العمال ج ۱۳ ص ۸۹ والطبرانی عنہ ص ۵۰۳، شفا شریف جلد ۲ ص ۱۶

سبحان ربك رب العزة عما يصفون وسلام على المرسلين والحمد لله رب العلمين۔ صلى الله على محمد النبى الامى وعلى اله وصحبه وبارك وسلم ط

محتاجِ کرم، طالبِ دعا، سگ سگانِ اہلبیت فقیر **محمد منظور احمد فیضی** عفی عنہ
مہتمم دار العلوم جامعہ فیضیہ رضویہ کچہری روڈ احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور
پاکستان (۵ صفر ۱۴۰۹ھ)